# 22114 ـ قیدیوں کا اپنی بیرکوں میں ہی نماز جمعہ ادا کرنے کا حکم

**سوال**

قیدیوں کا اپنی بیرکوں میں ہی امام کے پیچھے لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ نماز ادا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کبار علماء کمیٹی کا فتوی ہے کہ:

قیدی اپنی بیرکوں میں ہی لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ ایك ہی امام کے پیچھے نماز ادا نہیں کرسکتے، کیونکہ ان کے لیے نماز جمعہ میں جانا ممکن نہ ہونے کی بنا پر ان پر نماز جمعہ واجب نہیں، اور اس کے علاوہ اور اسباب کی بنا پر بھی.

لیکن اگر ان کے لیے جیل کی مسجد میں نماز جمعہ کے لیے جانا ممکن ہو اگر وہاں نماز جمعہ ہوتی ہو تو وہ جماعت کے ساتھ نماز جمعہ ادا کرینگے وگرنہ ان سے نماز جمعہ ساقط ہو کر ظہر کی نماز رہ جائےگی، اگر ان کے لیے مسجد یا ایك جگہ پر نماز ادا کرنے کے لیے جمع ہونا ممکن نہ ہو تو ہر مجموعہ نماز پنجگانہ اپنی بیرك کے اندر ہی باجماعت نماز ادا کرے گا.